## الطاف حسین کی جانب سے سیلاب زدگان کیلئے صدارتی ریلیف فنڈ میں 50لاکھ روپے کا چیک جمع کرادیا گیا

اسلام آباد۔۔۔3جولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے صوبہ بلوچستان، سندھ اور سرحد میں حالیہ شدید بارشوں اور طوفان سے متاثرہ عوام کی امداد کیلئے 50لاکھ روپے کا چیک صدارتی ریلیف فنڈ میں جمع کرادیا گیا۔امدادی رقم کا یہ چیک متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز اور قومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر فاروق ستار نے ایوان صدر اسلام آباد میں صدر جنرل پرویز مشرف سے ملاقات کے دوران پیش کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اور حق پرست صوبائی وزیر عادل صدیقی بھی ان کے ہمراہ تھے۔واضح رہے کہ ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے سیلاب زدگان کی مدد کیلئے صدارتی ریلیف فنڈ میں متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے 50روپے کی امداد کا اعلان کیا تھا جبکہ ایم کیوایم کی جانب سے بارشوں اور سیلاب سے متاثرہ عوام کی امداد کا سلسلہ بھی بدستور جاری ہے۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے قمبر شہدادکوٹ میں سیلاب سے متاثرہ عوام کیلئے طبی اور ریلیف کیمپ قائم کر دیئے گئے

قمبر شہدادکوٹ۔۔۔3جولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت اندرون سندھ میں سیلاب سے شدید متاثرہ شہر قمبر شہدادکوٹ میں ہنگامی بنیادوں پر طبّی امدادی کیمپ کا انعقاد کیا گیا ہے جبکہ ایم کیوایم کے مقامی ذمہ داران وکارکنان کی جانب سیلاب میں پھنسے افراد کو ایمبولینس کے ذریعے محفوظ مقامات پر منتقل کیا جارہا ہے۔تفصیلات کے مطابق قمبر شہدادکوٹ میں حفاظتی پشتے ٹوٹنے سے شہر زیر آب آگیا اور ہزاروں خاندان شدید متاثر ہوئے ہیں۔ایم کیوایم کی جانب سے متاثرہ افراد کی بحالی اور انہیں طبّی امداد کی فراہمی کیلئے قمبر شہدادکورٹ میں فوری طور پر مفت طبّی اور امدادی کیمپ قائم کردیئے گئے ہیں جہاں ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کے ارکان متاثرہ افراد کا طبّی معائنہ کررہے ہیں اور انہیں علاج ومعالجے کی سہولیات بھی فراہم کررہے ہیں۔قمبر شہدادکوٹ میں ایم کیوایم کی طبی وامدادی سرگرمیوں کے علاوہ ایم کیوایم کے ذمہ داران اور کارکنان سیلاب میں پھنسے خاندانوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کرنے کیلئے بھی مسلسل مصروف عمل ہیں اور متاثرین کو موبائل ڈسپنسریوں، ایمبولینسوں اور دیگر گاڑیوں کے ذریعے ایم کیوایم کی جانب سے قائم ریلیف کیمپوں پر منتقل کیا جارہا ہے۔واضح رہے کہ متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے شہدادکورٹ کے مختلف اسکولوں میں سیلاب ریلیف کیمپس قائم کردیئے گئے ہیں جہاں متاثرین کو رہائش کے ساتھ انہیں غذائی اجناس اور طبّی امداد کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے۔

## لیاقت آباد بندھانی کالونی میں نئی پی ایم ٹی کی تنصیب

## صوبائی وزیر شعیب بخاری نے اپنی نگرانی میں پی ایم ٹی نصب کرواکر علاقے کی بجلی بحال کروائی

کراچی۔۔۔3/جولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وصوبائی وزیر سید شعیب احمد بخاری نے عوامی شکایت پر لیاقت آباد نمبر 9 یوسی 6 بندھانی کالونی میں بجلی کی عدم فراہمی کا نوٹس لیتے ہوئے کراچی الیکٹرک سپلائی کارپوریشن کے اعلیٰ حکام کے ہمراہ علاقے کا تفصیلی دورہ کیا۔اس موقع پر سید شعیب بخاری نے اپنی نگرانی میں نئی پی ایم ٹی اور رنگ مین کی تنصیب کا کام کروایا اور علاقے میں بجلی کی بحالی تک مکینوں کے ساتھ رہے۔اس موقع پر کے ای ایس سی کے اعلیٰ افسران نے بروقت کاروائی کرتے ہوئے لیاقت آباد نمبر 9 کے علاقے میں بجلی کی بلاتعطل بجلی کی فراہمی کیلئے نئی پی ایم ٹی لگائی۔شعیب احمد بخاری نے نئی پی ایم ٹی کا افتتاح کیا۔اس موقع پر علاقے کے مکینوں کی بہت بڑی تعداد موجود تھی۔بندھانی کالونی اور لیاقت آباد 9 کے عوام نے سید شعیب بخاری کی جانب سے علاقے میں بجلی کی شکایت کا فوری نوٹس لینے اور بجلی کی بحالی پر حق پرست نمائندوں کا شکریہ ادا کیا ان کی کاوشوں کی تعریف کی۔رابطہ کمیٹی کے رکن سید شعیب احمد بخاری نے موقع پر موجود عوام سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عوام کی مشکلات کا حل اور ان کی بے لوث خدمت ہی متحدہ قومی موومنٹ کا منشور ہے اور متحدہ اپنے منشور پر عمل پیرا ہو کر عوام کی خدمت کررہی ہے۔

## بابا بھٹ شاہ، گڈاپ ٹاؤن سمیت کراچی کے مختلف علاقوں میں ایم کیوایم کی جانب سے طبّی وامدادی سرگرمیاں

## حق پرست نمائندوں نے متاثرہ علاقوں کا دورہ کرکے عوام سے ملاقات کی اورامدادی سرگرمیوں کا جائزہ لیا

کراچی۔۔۔3جولائی2007ء

متحدہ قومی موومنٹ اورخدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے کراچی اوراس سے ملحقہ مضافاتی علاقوں میں حالیہ طوفان،سیلابی ریلوں اورشدید بارشوں سے متاثرہ خاندانوں کی محفوظ مقامات پر منتقلی کے ساتھ ساتھ متاثرین کوطبی وامدادی سہولیات کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے۔تفصیلات کے مطابق گزشتہ روزمتحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی ،حق پرست صوبائی وزراءاورایم کیوایم کےمختلف شعبہ جات کےارکان نے بارش سے متاثرہ علاقوں کے دورے کیےاورمتاثرین کوفراہم کی جانے والی امدادی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔اس سلسلے میں رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انورعالم،رکن اشفاق منگی اورصوبائی وزیراطلاعات حامدحسین عابدی اورکراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے پیر کے روز کیماڑی کے جزیرے بابا بھٹ شاہ کاتفصیلی دورہ کیااورمتاثرین سے ملاقات کرکےان کے مسائل معلوم کیے۔انہوں نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے قائم کیے گئےطبّی امدادی کیمپوں سے متاثرین کوفراہم کی جانے والی علاج ومعالجہ کی سہولیات کا بھی جائزہ لیا۔ایم کیوایم کے نمائندوں نے علاقے میں پانی کی شدید قلت کانوٹس لیتے ہوئے وہاں واٹر ٹینکروں کے ذریعے پینے کا پانی پہنچایا۔صوبائی وزیرشبیراحمدقائمی اورپنجابی پختون آرگنائزنگ کمیٹی کےاراکین نے گڈاپ ٹاؤن کاتفصیلی دورہ کیااورمتاثرین کوفراہم کی جانے والی امدادی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔اس موقع پرانہوں نےطوفانی بارشوں سےشہید ہونے والی مسجداور چرچ کا بھی معائنہ کیااورمتاثرین سے دلی ہمدردی کااظہارکیا۔حق پرست صوبائی وزیرقمرمنصور نے کراچی مضافاتی کمیٹی کے ارکان کے ہمراہ گڈاپ ٹاؤن یوسی سونگل کے آدم ہندو گوٹھ کا دورہ کیا جہاں حالیہ بارشوں اورطوفان سے بڑے پیمانے پر تباہی ہوئی ہے۔صوبائی وزیرنےمتحدہ قومی موومنٹ کےفلاحی ادارےخدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے قائم کیے گئےطبّی امدادی کیمپ کا دورہ کیااورمتاثرین کوعلاج معالجہ کی سہولیات کی فراہمی کا جائزہ لیا۔دریں صوبائی وزیرا یکسائزاینڈٹیکسیشن شبیراحمد قائمی نے گڈاپ ٹاؤن کےعلاقے یوسف صاحب خان گوٹھ، یوسی 4 گجرکادورہ کیااورطوفان اوربارشوں سے متاثرہ عوام سے ملاقات کی اورشبیرقائمی نے طوفان اور بارشوں میں زخمی ہونیوالے افراد سے بھی دلی ہمدردی کااظہارکیا۔وہ زخمیوں کے گھربھی گئے اورانہوں نے زخمیوں کی جلدومکمل صحتیابی کیلئے دعا کی۔اس موقع پر پی پی اوسی کے ذمہ داران بھی ان کے ہمراہ تھے۔بعدازاں انہوں نے لاسی گوٹھ میں جاکرعلاقے کے متاثرین سے ملاقات کی اورانہیں ایم کیوایم کی جانب سے ہرممکن تعاون کا یقین دلایا۔اس موقع پرعلاقے کےعوام نے بتایا کہ ایم کیوایم کےسوااب تک کسی نے ہماری جانب توجہ نہیں دی جس پرہم جناب الطاف حسین کےشکرگزارہیں۔

☆☆☆☆☆